ملتان، ڈیرہ غازی خان، لاہور، اسلام آباد، کراچی میں سب سے زیادہ پڑھا جانیوالا کثیر الاشاعت اخبار

DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD

روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد

چیف ایڈیٹر چوہدری عادل

چیف ایگزیکٹو عروب آرائیں

جلد نمبر 01 | ہفتہ 19 رمضان المبارک 1445ھ 19 چیت 30 مارچ 2024ء | شمارہ نمبر 70

جنوبی وزیرستان لوئر فوری اور سستا انصاف فراہم کرنا وفاقی محتسب کا اولین نصب العین ہے عمران خان

سینئر انویسٹی گیشن آفیسر وفاقی محتسب سیکریٹریٹ ریجنل آفس ڈی آئی خان کا کمپلینٹ کلیکشن سنٹر وانا کا دورہ

وانا (نامہ نگار) جنوبی وزیرستان لوئر فوری اور سستا انصاف فراہم کرنا وفاقی محتسب کا اولین نصب العین ہے عمران خان،،،،،،،،،،،،،سینئر انویسٹی گیشن آفیسر وفاقی محتسب سیکریٹریٹ ریجنل آفس ڈی آئی خان کا کمپلینٹ کلیکشن سنٹر وانا کا دورہ۔ پروگرام انصاف آپ کی دہلیز پر، کے تحت عوام الناس کی وفاقی اداروں کے خلاف دائر کی گئی 133 شکایات کی سماعت کی گئی۔ اور موقع پر ہی ریلیف فراہم کیا۔۔ وفاقی محتسب کے سینئر انویسٹی گیشن آفیسر کا کمپلینٹ کلیکشن سنٹر وانا کا دورہ تین دن رہا جس میں مختلف وفاقی اداروں کے خلاف 133 شکایات نمٹا دی۔ غربت کی چکی میں پسے غریب سائلین نے شکایتوں کے انبار لگائے سینئر انویسٹی گیشن آفیسر نے ہنگامی بنیادوں پر حل کرنے کا عزم کیا۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت کی روشنی میں وفاقی محتسب ریجنل آفس ڈیرہ اسماعیل خان کے سینئر انویسٹی گیشن آفیسر عمران خان نے کمپلینٹ کلیکشن سنٹر وانا وزیرستان کا دورہ کیا۔ اس موقع پر سینئر انویسٹی گیشن آفیسر عمران خان کا کہنا تھا کہ سائلین کی دادرسی کرنا اور کیسز کو قلیل مدت میں نمٹانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اس ضمن میں وفاقی محتسب اعلی اعجاز احمد قریشی اور وفاقی محتسب ریجنل آفس ڈیرہ اسماعیل خان سنگ مرجان خان محسود کی واضح ہدایات ہیں کہ سائلین کی جائز شکایات کے ازالہ کو فی الفور ممکن بنایا جائے جس کی پیروی کرتے ہوئے وانا آفس کا تمام سٹاف پوری دل جمی سے اپنے محکمانہ فرائض سرانجام دے رہا ہے۔